**03.03.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ................. کلیم احمد

**Music**

1- زیر اعظم نریندر مودی نے گجرات کے جوناگڑھ میں جنگلی جانوروں کے قومی بورڈ کی ساتویں میٹنگ کی صدارت کی۔ انہوں نے ایشیائی ببر شیروں کے رہنے کے مقامات کو محفوظ رکھنے میں قبائلی برادریوں اور خواتین کے رول کی ستائش کی۔

☆ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر اور بیلجیم کے نائب وزیر اعظم Maxime Prevot نے نئی دلّی میں مصنوعی ذہانت اور صاف ستھری توانائی سمیت مختلف امور پر تبادلۂ خیال کیا۔

☆ سپریم کورٹ نے ضلع عدلیہ میں تقرری کیلئے بینائی سے معذور امیدواروں کو اہل قرار دیا ہے۔

☆ ہدایت کار Sean Baker کی ''Anora'' نے بہترین Picture ، بہترین ہدایت کار اور بہترین اداکارہ سمیت پانچ آسکر ایوارڈس حاصل کئے ہیں۔

☆ اور بھارت کی کرشنا Jayasankar انڈور Shot Put میں 16 میٹر کے نشانے کو پار کرنے والی پہلی بھارتی خاتون بن گئی ہیں۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM-GUJRAT**

وزیراعظم نریندر مودی نے آج جنگلی جانوروں کے تحفظ کے عالمی دن کے موقع پر جوناگڑھ ضلع کے Sasan Gir میں جنگلی جانوروں سے متعلق قومی بورڈ کی ساتویں میٹنگ کی صدارت کی۔ ماحولیات کے وزیر بھوپندر یادو، مختلف ریاستوں کے ممبران، اس شعبے میں کام کررہے غیر سرکاری اداروں کے نمائندوں، جنگلی جانوروں سے متعلق چیف وارڈن اور مختلف ریاستوں کے سکریٹریوں نے اس میٹنگ میں شرکت کی۔ جناب مودی نے ورچوئل وسیلے سے جوناگڑھ میں جنگلی جانوروں کیلئے قومی ریفرل سینٹر کا سنگ بنیاد بھی رکھا اور 2025 میں ایشیائی ببر شیروں کی آبادی سے متعلق سولھویں اعداد وشمار کو جاری کیا اور کوئمبٹور میں Human Wildlife کانفلیک مینجمنٹ SACON جاری کیا۔

سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر وزیراعظم نے Gir جنگل میں تحفظ کی جامع کوششوں کی ستائش کی، جس کے سبب ایشیائی ببر شیروں کی تعداد میں خاطر خواہ اضافہ ہوسکا۔ جناب مودی نے ایشیائی ببر شیروں کے رہنے کے مقام کے طور پر تحفظ فراہم کرنے کیلئے قبائلی برادری اور خواتین کے رول کی بھی ستائش کی۔ میٹنگ سے پہلے وزیراعظم نے Gir نیشنل پارک میں جنگل سفاری کی اور Gir میںSinh Sadan کیمپس میں پودا لگانے کی تقریب میں شرکت بھی کی۔جناب مودی نے جنگلی جانوروں کے تحفظ اور ان کے بندوبست سے متعلق فیلڈ اسٹاف کیلئے گشت کرنے والی بائیکوں کو بھی جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ انہوں نے ایکو گائڈس، ٹریکرس اور فیلڈ اسٹاف سے بات چیت بھی کی۔x

**SHAH-DAIRY WORKSHOP**

امورِ داخلہ اور امدادِ باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ نے آج نئی دلّی میں ڈیری شعبے میں پائیداری اور گردش سے متعلق ایک ورک شاپ کا افتتاح کیا۔ اِس ورک شاپ میں امدادِ باہمی کی وزارت اور مویشی پروری کی وزارت کی پالیسیوں اور اقدامات اور ڈیری اور ماہی پروری پر توجہ مرکوز کی جائے گی ، جس کا مقصد ماحولیاتی ذمہ داری کے ساتھ اقتصادی ترقی کو یقینی بناکر پائیدار ڈیری فارمنگ کو فروغ دینا ہے۔ ورک شاپ کے دوران مختلف ریاستوں میں بایو گیس پلانٹس کے قیام کیلئے مفاہمت کے اقرارنامے پر بھی دستخط کئے گئے۔ x

**RAJNATH-CSR**

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے اس بات کا اعادہ کیا ہے کہ بھارت آئندہ دو برس میں دنیا کی تیسری سب سے بڑی معیشت بننے کی راہ پر گامزن ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت اب دنیا کی پانچویں سب سے بڑی معیشت ہے۔ آج نئی دلّی میں مسلح افواج کے فلیگ ڈے CSR کانکلیو سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے یہ بات کہی۔ جناب راجناتھ سنگھ نے ملک کی اقتصادی ترقی میں سرکاری اور نجی دونوں شعبوں کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے خود کفالت کی اہمیت پر یہ کہتے ہوئے زور دیا کہ بھارت کے اقتصادی آزادی کی جانب پیش قدمی، دونوں شعبوں کی شمولیت پر مبنی ہیں۔ انہوں نے خاص طور سے دفاعی صنعت میں نجی شعبے کی شمولیت کی اہمیت پر یہ کہتے ہوئے زور دیا کہ یہ قومی سلامتی میں خود کفالت کیلئے انتہائی اہم ہے۔

**DELHI BUDGET**

دلّی سرکار اِس مہینے کے آخر میں 2025-26 کیلئے اپنا بجٹ پیش کرے گی۔ دلّی اسمبلی کا بجٹ اجلاس 24 سے 26 مارچ تک ہوگا۔ یہ بات دلّی کی وزیرِ اعلیٰ ریکھا گپتا نے نئی دلّی میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے بتائی۔ انہوں نے ایک فون نمبر اور ایک ای میل ID بھی جاری کیا، جن پر لوگ بجٹ 2025 کیلئے اپنی رائے بھیج سکتے ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے بتایا کہ

بجٹ میں خواتین کو مالی مدد، صحت خدمات کی توسیع ، پبلک ٹرانسپورٹ کے فروغ ، آلودگی کی روک تھام ، روزگار ، بزرگوں کیلئے امداد اور جمنا ندی کو صاف کئے جانے پر خاص طور سے توجہ دی جائے گی۔ انہوں نے مزید بتایا کہ خواتین کے مختلف گروپوں ، تعلیمی گروپوں اور کاروباری گروپوں کو اُن کی تجاویز پر بات چیت کرنے کیلئے دلّی اسمبلی میں مدعو کیا گیا ہے۔

**DELHI ASSEMBLY**

دلّی اسمبلی میں آج عوامی صحت، بنیادی ڈھانچے اور صحت خدمات کے بندوبست سے متعلق CAG رپورٹ پر بحث پھر شروع ہوئی۔ دلّی کی وزیراعلیٰ ریکھا گپتا نے گزشتہ ہفتے یہ رپورٹ پیش کی تھی۔ رپورٹ پر بحث کے دوران دلّی کے صحت کے محکمے کے وزیر پنکج کمار سنگھ نے الزام لگایا کہ CAG میں سابقہ عام آدمی پارٹی کی قیادت والی دلّی حکومت کی بدعنوانیوں کا پردہ فاش کردیا ہے۔ وزیر موصوف نے یہ الزام بھی لگایا کہ عام آدمی پارٹی کی حکومت نے بلیک لسٹ کمپنیوں سے ادویات خریدیں۔ انہوں نے کہا کہ سبھی مالی بے ضابطگیوں کی تحقیقات کی جائے گی، اور جو کوئی بھی ان میں ملوث پایا گیا، اس کے خلاف کارروائی ہوگی۔x

**J&K- ASSEMBLY**

جموں و کشمیر اسمبلی کا ایک مہینے تک چلنے والا بجٹ اجلاس، لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا کے خطاب کے ساتھ شروع ہوگیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ، جموں و کشمیر کو ریاست بنائے جانے کی مانگ کو پورا کرنے کیلئے عہد بند ہے۔

لیفٹیننٹ گورنر نے مزید کہا کہ حکومت کشمیری پنڈتوں کی واپسی میں مدد کرنے اور اس کیلئے ایک محفوظ اور سازگار ماحول قائم کرنے کیلئے بھی عہدبند ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ حکومت مرکزی علاقے میں بروقت انتخابات کو یقینی بناکر پنچایت اور شہری بلدیاتی اداروں کو مستحکم کرے گی۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ اجلاس کے دوران، جن معاملات کے چھائے رہنے کا امکان ہے، اُن میں چناؤ میں کئے گئے وعدے، دفعہ 370 کی منسوخی اور ریزرویشن پر جاری تنازعہ شامل ہے۔ x

**JAISHANKAR-BELGIUM**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج نئی دلّی میں بیلجیم کے نائب وزیر اعظم اور وزیرِ خارجہ Maxime Prevot کے ساتھ ایک میٹنگ کی اور انہوں نے بیلجیم کے ساتھ بھارت کے تاریخی رشتوں کو اجاگر کیا۔ میٹنگ کے دوران ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ دونوں ملکوں کے درمیان تجارت ، صنعت ، تعلیم ، جدت طرازی اور ثقافت کے شعبوں میں اچھے اور پائیدار تعلقات ہیں۔ انہوں نے اِس بات کا ذکر کیا کہ وہ سیمی کنڈکٹر، AI اور صاف ستھری توانائی کے شعبوں میں بھی تبادلۂ خیال کررہے ہیں۔ ڈاکٹر جے شنکر آج سہ پہر قومی راجدھانی میں بیلجیم کی شہزادی Astrid کے ساتھ میٹنگ کریں گے۔ شہزادی Astrid کل

وزیر اعظم نریندر مودی سے بھی ملاقات کریں گی۔ وہ بھارت کے سات دن کے دورے پر آئی ہوئی ہیں۔ x

**CDS AUSTRALIA VISIT**

دفاعی عملے کے سربراہ جنرل انل چوہان کل سے آسٹریلیا کا دورہ کریں گے۔ اس دورے کا مقصد بھارت اور آسٹریلیا کے درمیان دفاعی اشتراک کے معاملے میں تعلقات کو مستحکم کرنا ہے۔ اپنے دورے کے دوران جناب چوہان آسٹریلیا کے دفاع کے محکمے سے تعلق رکھنے والے سینئر اہلکاروں کے ساتھ وسیع تر تبادلۂ خیال کریں گے۔ وہ آسٹریلیا کے دفاعی عملے کے سربراہ جنرل ایڈمیرل ڈیوڈ جانسٹن اور فوج کی تینوں شاخوں کے سربراہان سے بھی بات چیت کریں گے۔×

**J&K TERRORIST**

جموں و کشمیر میں پولیس نے کل پنچھ ضلعے میں، 28 لاکھ روپے سے زیادہ کی مالیت کی 14 اعشاریہ آٹھ کنال پر مشتمل 4 املاک قرق کی ہیں، جن تعلق تین دہشت گردوں سے ہے۔ اس اراضی کا تعلق کنٹرول لائن سے متصل Kasba اور Kirni گاؤوں میں پاکستان میں قائم تین مقامی دہشت گردوں سے ہے، جو پاکستان کے زیر قبضہ کشمیر فرار ہوگئے تھے۔ اراضی کو قرق کرنے کی یہ کارروائی سرحد کے آر پار دہشت گردی کو ختم کرنے اور اس کیلئے دہشت گردوں کی مدد کی خاطر بنیادی ڈھانچے کو تہس نہس کرنے کی کوششوں کا ایک حصہ ہے۔×

**UKRAINE-MINERAL DEAL**

یوکرین کے صدر Volodymyr زیلینسکی نے امریکہ کے ساتھ معدنیات سے متعلق سمجھوتے پر دستخط کرنے پر اپنی آمادگی ظاہر کی ہے۔ یہ پیشرفت یوکرین کی حمایت سے متعلق برطانیہ کے وزیر اعظم Keir Starmer کے Coalition of the Willing کے اعلان کے بعد ہوئی ہے۔ البتہ امریکہ کے وزیر خزانہ Scott Bessent نے مشورہ دیا ہے کہ پہلے روس کے ساتھ امن سمجھوتہ ہونا چاہیئے۔ ابھی یہ واضح نہیں ہے کہ کیا امریکہ اس سمجھوتے کو آگے بڑھائے گا۔ اس سے پہلے برطانیہ کے وزیر اعظم Keir Starmer نے یوکرین سے متعلق ایک کامیاب امن سمجھوتے کیلئے ایک چار نکاتی منصوبہ پیش کیا تھا اور کہا تھا کہ برطانیہ ، یوروپی اتحادیوں کے ساتھ اِس کی حمایت کرنے کو تیار ہے۔ x

**SC-VISUALLY IMPAIRED**

سپریم کورٹ نے آج اپنے ایک اہم فیصلے میں کہا ہے کہ بینائی سے محروم افراد کو عدالتی خدمات میں ملازمت کے مواقع فراہم کرنے سے انکار نہیں کیا جاسکتا ہے۔ جسٹس JB Pardiwala اور R Mahadevan پر مشتمل بینچ نے

چھ درخواستوں پر فیصلہ محفوظ رکھا تھا۔ جسٹس Mahadevan نے فیصلہ سناتے ہوئے کہا کہ معذور افراد کے ساتھ کسی بھی صورت میں امتیازی سلوک نہیں کیا جانا چاہیئے اور ریاستوں کو ایک جامع فریم ورک کو یقینی بنانے کیلئے مثبت عمل اپنانا چاہیئے۔x

## OSCAR-2025

97 ویں اکیڈمی ایوارڈس لاس اینجلس میں اختتام پذیر ہوگئے۔ ہدایت کار Sean Baker's کی رومانی کامیڈی ڈرامہ فلم 'Anora' کو اس تقریب میں سب سے زیادہ پانچ ایوارڈ ملے، جن میں بہترین فلم، بہترین ہدایت کار، بہترین اوریجنل اسکرین پلے، بہترین اداکارہ اور بہترین Editing شامل ہیں۔ Adrien Brody کو فلم The Brutalist کیلئے بہترین اداکار کا آسکر ملا۔ Mikey Madison کو فلم Anora کیلئے بہترین اداکارہ کا ایوارڈ ملا۔x

## SHOTPUT RECORD

بھارت کی کرشنا جے شنکر نے 2025 کی Mountain West Indoor Track and Field Championship میں تاریخ رقم کی ہے۔ وہ اِنڈور Shot Put میں 16 میٹر کے نشانے کو پار کرنے والی پہلی بھارتی خاتون بن گئی ہیں۔ 22 سالہ کھلاڑی نے 16 اعشاریہ صفر تین میٹر Shot Put پھینک کر Poornarao Rane کے 2023 کے ریکارڈ کو توڑا ، جنھوں نے 15 اعشاریہ پانچ چار میٹر کا بھارتی انڈور ریکارڈ قائم کیا تھا۔ کرشنا کو اِس مقابلے میں کانسے کا تمغہ بھی ملا۔ امریکہ کی Mya Lesnar نے سونے کا ، جبکہ اُن کی ہم وطن کھلاڑی Gabby Morns نے چاندی کا تمغہ حاصل کیا۔ x

## ICC CHAMPIONS TROPHY

آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی میں کل رات دبئی میں بھارت نے نیوزی لینڈ کو اپنے آخری لیگ میچ میں 44 رنوں سے ہرا دیا۔ اب بھارت کا مقابلہ سیمی فائنل میں آسٹریلیا سے ہوگا۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے بھارتی ٹیم نے شریَس ایئر کے 79 رن اور ہاردک پانڈیا کے 45 رن کی بدولت 9 وکٹ کے نقصان پر 249 رنز بنائے۔ جواب میں نیوزلینڈ کی پوری ٹیم 45 اوورز اور تین گیندوں میں 205 رن بناکر آؤٹ ہوگئی۔ نیوزی لینڈ کی طرف سے Kane Williamson نے سب سے زیادہ 81 رن بنائے۔ بھارت کیلئے Varun Chakravarthy نے اپنے پہلے ایک روزہ میچ میں پانچ وکٹ حاصل کرکے بہترین کارکردگی کا مظاہرکیا اور انھیں پلیئر آف دی میچ قرار دیا۔ اس جیت کے ساتھ بھارت گروپ اے میں سرفہرست ہے۔ اس نے گروپ اسٹیج کے اپنے سبھی تین میچ جیت لیے ہیں۔ بھارتی ٹیم کل دبئی میں سیمی فائنل مقابلے میں آسٹریلیا کا سامنا کرے گی۔ وہیں نیوزی لینڈ بدھ کو دوسرے سیمی فائنل میں لاہور میں گروپ بی کی سرفہرست ٹیم جنوبی افریقہ کا سامنا کرے گا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆